بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

ترمیمی نوٹیفکیشن

مورخہ 22-07-2019

عنوان: سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ امتحان سپلیمنٹری 2019ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا ترمیمی شیڈول۔

نمبر 80 / میٹنگ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر No.259-SY/PBCC/LHR مورخہ 22-07-2019 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سپلیمنٹری امتحان 2019ء کا انعقاد **مورخہ 31۔اگست 2019ء بروز ہفتہ** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا ترمیمی شیڈول درج ذیل ہے:۔

1	آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔	29۔ جولائی 2019ء
2	آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی دگنی فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔	05۔ اگست 2019ء
3	آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔	09۔ اگست 2019ء

داخلہ فیس کی شرح

(الف) کمپوزٹ امتحان (جماعت نہم و دہم مشترکہ)

		ریگولر	پرائیویٹ
1	سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو۔	Rs.1300	Rs. 1400
2	آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو۔	Rs. 1200	Rs. 1300

(ب) پارٹ سسٹم کے تحت کلاس (نہم و دہم)

		ریگولر سنگل پارٹ	پرائیویٹ سنگل پارٹ
1	سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو۔	Rs. 650	Rs. 700
2	آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو۔	Rs. 600	Rs. 650

نوٹ: پروسیسنگ فیس مبلغ -/400 روپے۔

ضروری ہدایات

(1) کوئی فریش امیدوار سپلیمنٹری امتحان میں شامل ہونے کا اہل نہیں ہے تاہم اسی سال سالانہ امتحان میں تمام مضامین میں فیل ہونے والے امیدواران سپلیمنٹری امتحان میں شامل ہو سکتے ہیں۔

(2) تمام طلباء و طالبات داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk سے آن لائن کریں گے۔آن لائن داخلہ فارم اور چالان فارم کا پرنٹ آؤٹ لے کر بورڈ کے منظور شدہ یونائیٹڈ بینک میں جمع کروانے کے بعد داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی اپنی رہائش کے قریب ترین ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس سے تصدیق کروا کر دفتر ہذا کو مقررہ تاریخ کے اندر ارسال کریں۔

(جاری ہے)

Result.pk

(3) واضح رہے ایسے امیدواران جو اپنا داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی مقررہ شیڈول کے اندر بورڈ کو ارسال نہیں کریں گے وہ امتحان میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے۔

(4) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس / آرٹس﴾ کی پوری فیس وصول کی جائیگی۔

(5) جو امیدواران قبل ازیں امتحان میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے داخلہ فیس کے ساتھ سند/سرٹیفکیٹ فیس ادا کر چکے ہیں وہ اب اپنا داخلہ فارم آن لائن کروانے سے قبل داخلہ فیس کے ہمراہ سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/550 روپے جمع نہیں کروائیں گے۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سکولز/ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) چیف ایگزیکٹو آفیسر/ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر/تعلیم (سیکنڈری) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان۔

(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔

(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(5) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) داخلی تقسیم/نوٹیفکیشن فائل۔

انچارج میٹنگ

Result.pk